12407- کیا فوجی یونٹ میں ملازمت کرنے والے کے لیے روزہ چھوڑنا جائز ہے ؟

سوال

میں فوجی یونٹ میں ملازمت کرتا ہوں اور رمضان المبارک شروع ہوچکا ہے تو کیا میرے لیے روزہ چھوڑنا جائز ہے کیونکہ حالات روزہ رکھنے کی اجازت نہیں دیتے ؟

پسندیدہ جواب

آپ کے لیے روزہ چھوڑنے کی اجازت نہیں کیونکہ آپ روزہ رکھنے کے مکلف ہیں، لیکن اگر آپ مسافر ہوں یا پھر مریض اور مرض بھی ایسا جس میں روزہ نہ رکھا جاسکے تو پھر روزہ چھوڑنا جائز ہے ۔

کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے :

.{جو کوئی مریض ہو یا مسافر تو وہ دوسرے دنوں میں گنتی پوری کرے}.البقرۃ (185)۔

اور ایک دوسرے مقام پر کچھ اس طرح فرمایا :

.{اللہ تعالی کسی بھی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ مکلف نہیں کرتا}.البقرۃ (286)۔

اور ایک مقام پر اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{اور تم پر دین کے بارہ میں کوئی تنگی نہیں ڈالی}.الحج (78)۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام پر رحمتیں نازل فرمائے.